© rasailojaraid.com

تبصرے

معارف السنن از مولانا محمد یوسف بنوری۔ تقطیع کلاں۔ ضخامت جلد اول ۵۰۶ و جلد ثانی ۵۰۱، ٹائپ باریک اور روشن۔ قیمت عنہ روپے فی جلد۔ پتہ: ۔مجلس علمی۔ جامعہ اسلامیہ ڈابھیل ضلع سورت (انڈیا)

حدیث میں صحیحین کے بعد جامع الترمذی کا جو مرتبہ و مقام ہے ارباب نظر سے پوشیدہ نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بخاری و مسلم کی طرح ترمذی کی بھی متعدد شروح۔ مختصر اور مطول لکھی گئی ہیں اور ابھی گذشتہ چند برسوں میں ہی اس سلسلہ کی متعدد کتابیں شائع ہوئی ہیں۔ چنانچہ زیر تبصرہ کتاب بھی اس کی ایک کڑی ہے۔ لیکن حق یہ ہے کہ یہ شرح تمام سابقہ شروح پر بمراحل سبقت لے گئی ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ لائق مولف حضرت الاستاذ مولانا محمد انور شاہ الکشمیریؒ کے تلمیذ خاص ہونے کے باعث ایک طرف حضرت الاستاذ کے علوم و فنون کے جامع اور ان کے بہترین شارح و ترجمان ہیں اور دوسری جانب خود وسیع النظر اور محقق عالم ہیں اس بنا پر اگرچہ اس شرح کا اصل پیکر حضرت الاستاذ کے ارشادات و فرمودات کے تار و پود سے تیار ہوا ہے۔ لیکن اس پیکر کے خد و خال کی آرائش و زیبائش دوسرے ائمہ فن کی تحریروں اور تقریروں سے ہوئی ہے۔ اس شرح کا انداز علمائے متقدمین کا سا ہی ہے یعنی ہر چیز کی بال کی کھال نکالنی ہر مسئلے کے متعلق جتنے احتمالاتِ عقلیہ ہو سکتے ہیں اُن کو جمع کر دینا۔ کسی امر کے بارہ میں جتنے اقوال و آراء ہیں انھیں نقل کر دینا۔ اور حد یہ ہے کہ مثلاً مصنف نے ایک باب کا عنوان "ابواب الطہارۃ" باندھا ہے تو یہ مرکب اضافی ترکیب میں کیا واقع ہو رہا ہے؟ فاضل شارح نے اس سلسلہ کے تمام احتمالات جن میں سے متعدد یقیناً احتمالاتِ باردہ ہیں نقل کر دیئے ہیں۔ اس طرح یہ شرح گویا تمام شروح سابقہ کے مباحث کی جامع ہونے کے ساتھ جا بجا بعض

© rasailojaraid.com